**31.10.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

-------------------------------

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش پر گجرات میں ایکتا نگر سے راشٹریہ ایکتا دِوس تقریبات کی قیادت کی۔ انھوں نے وِکست بھارت کے ویژن کے حصول کے لئے اتحاد کے جذبے پر زور دیا۔

☆ وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اور چین LAC سے متصل بعض علاقوں میں اختلافات دور کرنے کی غرض سفارتی اور فوجی دونوں سطحوں پر بات چیت کررہے ہیں۔

☆ روشنیوں کا تہوار دیوالی ملک بھر میں روایتی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

☆ بھارت نے اقوام متحدہ میں، کیوبا پر عائد اقتصادی پابندیاں ختم کرنے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔

☆ اور ...... کشتی میں، البانیہ میں سینئر عالمی چمپئن شپ میں مانسی اہلاوت نے خواتین کے 59 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM EKTA DIVAS ADDRESS**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اتحاد کے جذبے پر زور دیا ہے اور ملک کے لوگوں کو بانٹنے والی قوتوں کے خلاف خبردار کیا ہے، جن کا مقصد ملک کے اتحاد کو توڑنا ہے۔ گجرات میں کیوڑیا کے ایکتا نگر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یومِ پیدائش پر راشٹریہ ایکتا دِوس کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ آئندہ 25 برسوں میں وِکست بھارت کے ویژن کو حاصل کرنے کیلئے قومی اتحاد کا جذبہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

انہوں نے کہا کہ پچھلے 10 برسوں میں اُن کی حکومت نے سبھی پالیسیوں اور فیصلوں میں ایک ملک کے جذبے کو مسلسل مضبوط کیا ہے۔ قومی اتحاد پر زور دیتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کو مختلف چیلنجز درپیش ہیں، جو ہمارے ملک کے اتحاد اور سکیورٹی کیلئے خطرہ ہیں۔

وزیر اعظم نے سبھی شہریوں سے چوکس رہنے پر زور دیا اور گوناگونیت میں بھارت کے اتحاد کے جذبے کو اپنانے کیلئے کہا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملک میں نئی تاریخ لکھی جارہی ہے۔ بھارت ایک عالمی لیڈر کے طور پر ابھر رہا ہے۔ غیر مستحکم عالمی صورتحال کے دوران بھارت آج سب کی شمولیت والی ترقی کے راستے پر تیزی سے گامزن ہے۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کے ملک کو متحد رکھنے کے ضمن میں بیش قیمت تعاون کو یاد کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ سردار پٹیل کی 150 ویں سالگرہ اگلے دو برسوں کے دوران ملک بھر میں منائی جائے گی۔ اس سے پہلے جناب مودی نے ایکتا نگر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمۂ اتحاد پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ انہوں نے لوگوں کو ایکتا دِوس پر عہد دلایا اور ایکتا دِوس پریڈ کا مشاہدہ کیا۔ x

## UNITY DAY

آج اتحاد کا قومی دن ہے۔ ہر سال ملک 31 اکتوبر کو سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش پر منایا جاتا ہے، جو بھارت کی جنگ آزادی کے اہم مجاہد اور ملک کے پہلے نائب وزیراعظم اور وزیر داخلہ تھے۔ قومی اتحاد کا دن مختلف رجواڑہ ریاستوں کو متحد کرکے ایک ملک بنانے اور ملک کے لوگوں میں یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے میں اُن کی کوششوں کی یاد دلاتا ہے۔ اپنی غیر معمولی قیادت اور قومی سلامتی کیلئے اپنے بے لوث عزم کیلئے معروف سردار ولبھ بھائی پٹیل کو بھارت کے مردِ آہن کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ x

## PREZ - SARDAR PATEL

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آج نئی دلّی میں پٹیل چوک پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ اِس موقع پر صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ سردار پٹیل ایک عظیم مجاہد اور ملک کے سرکردہ معمار تھے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ سردار پٹیل کا مضبوط اور متحد بھارت کا ویژن لوگوں کو بھائی چارے کو پروان چڑھانے کی تحریک دیتا ہے۔ راشٹریہ ایکتا دِوس کے موقع پر نائب صدرِ جمہوریہ نے سبھی سے اِس بات پر زور دیا کہ وہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی اتحاد کی وراثت کو قائم رکھیں۔ x

**PARLIAMENT PATEL**

سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش پر آج پارلیمنٹ کے ارکان، سابق ارکان پارلیمنٹ اور دیگر اہم شخصیات نے Samvidhan سدن کے سینٹرل ہال میں، اُن کی تصویر پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ لوک سبھا، راجیہ سبھا کے سکریٹری جنرل اور دونوں ایوانوں کے سینئر افسروں نے بھی سردار پٹیل کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

**GUJARAT - AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج Botad میں واقع Salangpur میں مشہور Kashtabhanjan ہنومان جی مندر میں سری گوپال نند سوامی یاترک بھون کا افتتاح کیا ۔ 200 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کردہ یہ نیا گیسٹ ہاؤس، تمام جدید ترین سہولتوں سے آراستہ ہوگا۔ اِس میں 11 سو کمرے ہوں گے۔

جناب شاہ کل احمد آباد میں Pirana کچرے پھینکنے کے مقام پر ریاست کے سب سے بڑے کچرے سے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹ کا افتتاح کریں گے۔ سرکاری و نجی شراکت داری ماڈل پر 375 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کردہ اِس پلانٹ میں ایک ہزار میٹرک ٹن ٹھوس کچرے سے یومیہ 15 میگاواٹ بجلی تیار کرنے کی صلاحیت ہے۔x

**TWANG RAJNATH**

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اور چین حقیقی کنٹرول لائن پر بعض علاقوں میں اختلافات کو ختم کرنے کے لئے سفارتی اور فوجی دونوں سطحوں پر بات چیت کررہے ہیں۔ بات چیت کے نتیجے میں باہمی سلامتی کی بنیاد پر ایک وسیع اتفاق رائے قائم ہوا ہے۔ انھوں نے یہ بات آج آسام کے تیج پور میں 4 Corps ہیڈکوارٹرس سے Twang میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمے اور میجر Ralengnao Bob Khating شجاعت کے میوزیم کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کرنے کے بعد کہی۔ جناب سنگھ نے کہا کہ ملک کی جامع ترقی تبھی ممکن ہے، جب شمال مشرقی خطہ ترقی کرے۔ انھوں نے کہا کہ مسلح افواج نہ صرف سیکورٹی فراہم کرتی ہیں، بلکہ وہ سرحدی علاقوں کے عوام کے اشتراک سے خطے میں ترقی کا ایک ذریعہ بھی بنتی ہیں۔

انھوں نے کہا کہ اس سے شمال مشرق میں ترقی، امن اور سلامتی کو یقینی بنانے تئیں بھارت کا عہد مزید مستحکم ہوتا ہے۔

**DIWALI**

روشنیوں کا تہوار دیوالی آج ملک بھر میں روایتی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار، جو برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے، گھروں، مندروں اور دیگر عوامی مقامات کو روشن کرکے منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر لوگ دھن کی دیوی لکشمی کی بھی پوجا کرتے ہیں۔x

**DIWALI - PREZ & VP**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے دیوالی کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ دیوالی خوشی اور جوش و خروش کا تہوار ہے اور یہ لاعلمی پر علم کی فتح اور برائی پر اچھائی کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ دیوالی کے پُرمسرت موقع پر ہمیں اپنے ضمیر کو روشن کرنا چاہئے، محبت اور ہمدردی کی اقدار کو اپنانا چاہیے اور سماجی رواداری کو فروغ دینا چاہیے۔

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اپنے پیغام میں کہا کہ دیوالی نہ صرف بھارت میں عقیدت اور خوشی کے ساتھ منائی جاتی ہے، بلکہ دنیا بھر میں مقیم بھارتی باشندے بھی اِسے جوش و خروش کے ساتھ مناتے ہیں۔

جناب دھنکھڑ نے کہا کہ یہ تہوار اندھیرے پر اُجالے کی لازوال فتح، مایوسی پر امیدی اور لاعلمی پر علم کی فتح کی علامت ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے سبھی شہریوں کو صحت ، خوشی اور خوشحال زندگی کی دعا دی۔ وزیر اعظم نے اِس امید کا اظہار کیا کہ سبھی کو ماں لکشمی اور بھگوان شری گنیش کا آشیرواد حاصل ہو۔ x

**J&K DIWALI**

بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئرمارشل اے پی سنگھ نے کل جموں اور اُن کچھ اگلی چوکیوں کا دورہ کیا، جہاں پر فورس کے جانباز فوجی تعینات ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ فضائیہ کے سربراہ کا یہ دورہ دیوالی کے تہوار کے موقع پر ہوا ہے۔ انہوں نے اِن مقامات پر آپریشنل تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور وہاں پر تعینات فضائیہ کے جانبازوں اور اَگنی ویروں کے ساتھ بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران ایئر چیف مارشل نے ملک کی سکیورٹی کو درپیش تحفظ کیلئے ہروقت چوکس اور تیار رہنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ x

**RAILWAY - SPECIAL TRAIN**

بھارتی ریلویز دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھیڑ سے نمٹنے کیلئے 7 ہزار

296 خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھاری تعداد سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ریلوے نے بھیڑ بھاڑ کے بہتر بندوبست کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں اور دلّی کے بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کو بغیر رکاوٹ خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، ریلوے کے ڈویژنل مینجر **Sukhwinder** سنگھ نے بتایا کہ فیسٹیول کے پیشِ نظر ٹرینوں میں مسافروں کیلئے غیر مختص بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پچھلے سال کے مقابلے اِس مرتبہ 123 اضافی ریگولر ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔ x

## J&K ENCOUNTEAR

جموں و کشمیر میں منگل کے روز جموں خطے کے اکھنور سیکٹر کے **Battal** گاؤں میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں ، جن تین دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا تھا ، ان کا تعلق ممنوعہ جیشِ محمد گروپ سے تھا اور انہوں نے پاکستان کے قبضے والے کشمیر **PoK** سے علاقے میں حال ہی میں دراندازی کی تھی۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ دہشت گرد اکھنور راستے کا استعمال کرتے ہوئے ایک بڑے حملے کی منصوبہ بندی کررہے تھے۔ یہ راستہ عام طور پر ممنوعہ لشکرِ طیبہ دہشت گرد گروپ کے کارندے اپنی کارروائیوں کیلئے استعمال کرتے ہیں۔x

## UN VOTE - INDIA

بھارت نے اقوام متحدہ میں، کیوبا پر عائد اقتصادی پابندیاں ختم کرنے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ ایک حالیہ مباحثے کے دوران اقوام متحدہ میں بھارت کی فرسٹ سکریٹری اِسنیہا دوبے نے کیوبا کی معیشت اور وہاں کے عوام پر اِن پابندیوں کے برے اثرات کا ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے طور پر بھارت، اس اسمبلی کے ساتھ ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں، کرائی گئی ووٹنگ کے دوران 187 ملکوں نے قرار داد کی حمایت کی جبکہ صرف امریکہ اور اسرائیل نے اس کی مخالفت کی۔ محترمہ دوبے نے مزید کہا کہ ان پابندیوں سے پائیدار ترقی کے 2030 کے ایجنڈے کی جانب کیوبا کی پیش رفت میں رکاوٹ پیدا ہورہی ہے۔ بھارت کو امید ہے کہ یہ پابندیاں جلد سے جلد ہٹالی جائیں گی۔

## INDIRA GANDHI - DEATH ANNIV.

ملک آج سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو اُن کی برسی پر یاد کررہا ہے۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں نے دلّی میں شکتی اِستھل پر اندرا گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اندرا گاندھی میموریل پر ایک

ثقافتی پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی اندرا گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب کھڑگے نے کہا کہ اندرا گاندھی نے ملک کے اتحاد اور سالمیت کا تحفظ کرنے اور ایک مضبوط اور ترقی پذیر بھارت کی تعمیر میں کلیدی رول ادا کیا ہے۔ x

## WORLD WRESTLING CHAMPIONSHIP

البانیہ کی راجدھانی Tirana میں جاری سینئر عالمی چمپئن شپ میں کل خواتین کے 59 کلوگرام فری اسٹائل زمرے میں پہلوان Mansi Ahlawat نے کانسے کا تمغہ جیتا، جبکہ Manisha Bhanwala کو ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ Mansi نے کوارٹر فائنل میں U-23 ورلڈ چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتنے والی Solomiia Vynnyk کو چار صفر سے ہرایا۔ x

## PENSION DA - DR

حکومت نے اس سال جولائی سے واجب الادا مرکزی حکومت کے ملازمین کے لیے مہنگائی بھتہ کی اضافی قسط اور پنشن یافتگان کے لیے، مہنگائی ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ مرکزی کابینہ نے مرکزی حکومت کے ملازمین اور پنشن پانے والوں کیلئے تین فیصد کے مہنگائی بھتے اور مہنگائی ریلیف کی اضافی قسط کی منظوری دی ہے۔

مرکزی حکومت کے پنشن یافتگان یا فیملی پنشن یافتگان بنیادی پنشن یا فیملی پنشن کی موجودہ 50 فیصد سے 53 فیصد شرح سے مہنگائی بھتہ اور مہنگائی ریلیف کی زیادہ رقم کے حصول کے مجاز ہوں گے۔x

## GRAHMANTRI AWARD

مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں، مرکزی مسلح پولیس دستوں اور مرکزی پولیس تنظیموں کے 463 اہلکاروں کو سال 2024 کیلئے کیندریہ گرہ منتری دَکشتا پدک سے نوازا گیا ہے۔ یہ میڈل خصوصی کارروائی، تفتیش، انٹلی جینس اور فارنسک سائنس کے شعبے میں شاندار کام کے اعتراف میں اور افسروں کے حوصلے بلند کرنے کے لئے دیئے جاتے ہیں۔ امور داخلہ کی وزارت نے اس سال پہلی فروری کو کیندریہ گرہ منتری دَکشتا پدک قائم کیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ ہر سال 31 اکتوبر کو سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش کے موقع پر اِس میڈل کا اعلان کیا جائے گا۔x

☆☆☆